سرکاری گاڑیوں کا نیلام عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حکومت پنجاب کی مندرجہ ذیل گاڑیوں کا ''جہاں ہیں جیسی ہیں'' کی بنیاد پر بروز ہفتہ بتاریخ 14/11/2020 بمقام چرچ روڈ پی اینڈ ڈی کمپلیکس لاہور میں نیلام عام کیا جائے گا۔

نمبر شمار	رجسٹریشن نمبر	میک اینڈ ماڈل	انجن نمبر	چیسز نمبر
1	LRX-5651	KIA SPORTAGE -2004	407966	501769
2	X-68-1791	TOYOTA LAND CRUISER SINGLE CABIN - 1985	0071981	0025212
3	DGN-287	موٹر سائیکل HONDA 100 - 2004	BH010411F	5010739
4	BRH-3225	موٹر سائیکل QUINQI - 2003	BAH8-030694K	3AH8-030694K
5	DGM-8842	موٹر سائیکل HONDA 125 - 2005	3067483	60919
6	DGH-5672	موٹر سائیکل HONDA 125 - 1999	1079191	B79510

خواہشمند حضرات/پارٹیاں بروز جمعہ تا ہفتہ مورخہ 6 نومبر تا 7 نومبر 2020 صبح 10 بجے سے لیکر شام 4 بجے تک مذکورہ بالا جگہ پر گاڑیوں کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

شرائط نیلامی:

1. نیلامی میں حصہ لینے کے خواہشمند حضرات بروز جمعرات تا جمعہ مورخہ 12 نومبر تا 13 نومبر 2020 پے آڈر ڈیمانڈ ڈرافٹ مالیتی -/100,000 بحق سیکشن آفیسر (ٹرانسپورٹ)، پی اینڈ ڈی بورڈ، بحیثیت ٹوکن منی/رجسٹریشن فیس (قابل واپسی) دفتر اوقات میں جمع کروا کر رجسٹریشن نمبر حاصل کریں۔ رجسٹریشن فارم زیر دستخطی کے دفتر واقع پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، پنجاب سول سیکرٹریٹ، چرچ روڈ لاہور سے حاصل کر کے پُر کرنے کے بعد اسی دفتر میں جمع کروائے جائیں گے۔
2. صرف ٹوکن منی/رجسٹریشن فیس جمع کروانے والے حضرات/بااختیار نمائندگان ہی نیلامی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔
3. بوقت نیلامی رجسٹریشن نمبر بولی دہندہ کے پاس ہونا لازمی ہے بصورت دیگر نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔
4. بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ بغیر اصل شناختی کارڈ کے بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔
5. نیلامی میں موقع پر موجود افراد کی کھلی بولی کے ذریعے صبح 10.00 بجے شروع ہوگی۔ کسی بھی وجہ سے مذکورہ تاریخ کو نیلامی کا انعقاد نہ پانے یا ملتوی ہونے کی صورت میں بروز ہفتہ مورخہ 21 نومبر 2020 رجسٹرڈ بولی دہندگان کی موجودگی میں نیلامی کی جائے گی۔
6. کامیاب بولی دہندہ زر نیلامی کا 25% حصہ (ناقابل واپسی) موقع پر ہی نیلام کنندہ کو ادا کرے گا جبکہ باقی ماندہ رقم 10 یوم کے اندر جمع کروانا ہوگی۔ عدم ادائیگی کی صورت میں ادا کردہ 25% زر نیلامی اور ٹوکن منی مبلغ -/100,000 ضبط کر لیا جائے گا۔
7. گاڑی کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی پوری رقم اور ٹیکسز کی ادائیگی کے بعد حوالہ کی جائے گی۔
8. محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں گاڑیوں کے کاغذات کی منتقلی کی تمام تر ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر ہوگی۔ کامیاب بولی دہندہ بعد از مکمل ادائیگی 15 یوم کے اندر گاڑی اپنے رجسٹرڈ کروانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
9. بعد از نیلامی گاڑیوں کی ضروری دستاویزات اور ٹوکن وغیرہ کی ادائیگی بذمہ کامیاب بولی دہندہ پر ہوگی۔
10. ہر گاڑی کی نیلامی علیحدہ علیحدہ کی جائے گی۔
11. کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم پر Withholding Tax مروجہ قوانین کے مطابق فائلر کو 10% اور نان فائلر کو 20% ادا کرنا ہوگا۔
12. کسی بھی قسم کے سوالات کی صورت میں زیر دستخطی سے بذریعہ ٹیلی فون 042-99059215 نیلامی سے ایک دن پہلے تک دفتری اوقات میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
13. نیلام کمیٹی کوئی وجہ بتائے بغیر تمام بولیوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔
14. ہر بولی دہندہ پر کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے ماسک کا استعمال کرنا ضروری ہوگا اور سماجی فاصلے کو برقرار رکھنا ہوگا۔

سیکشن آفیسر (ٹرانسپورٹ)

پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ

چرچ روڈ، لاہور